25/04/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں۔۔۔انور الحق

منڈاویہ

یعنی ایمپلایز ESIC محنت و روزگار اور کھیل کود کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ نے آج ضلع بڈگام کے اومپورہ علاقے میں تیس بستروں والے سٹیٹ انشورنس کار پوریشن اسپتال کا افتتاح کیا، جسے بعد میں سو بستروں تک بھی وسعت دی جا سکتی ہے ۔

اس شفا خانے سے پچاس ہزار سے زائد ورکروں اور ان کے اہل خانہ مستفید ہوں گے ۔

بڈگام آغا سید منتظر مہدی اور دیگر کئی عہدیدار بھی موجود تھے۔MLA ہمارے بڈگام کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ اس موقعے پر

پنچایتی راج

آج پنچایتی راج کا قومی دن ہے۔ ہر سال 24اپریل کو منایاجانے والا یہ دن در ا□ل بھارت میں دیہی جمہوریت کی بنیاد رکھنے والی73ویں آئینی ترمیم کی یاد گار ہے ،جسے 1993میں نافذ کیا گیا۔

یہ دن نہ □رف اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی کی علامت ہے بلکہ دیہی سطح پر عوامی شمولیت ، ترقی اور شفافیت کو بھی اجا گر کرتا ہے ۔

جموں کشمیر کے تناظر میں بھی پنچایتی راج نظام کو خا□ی اہمیت حا□ل ہے کیونکہ یہاں جمہوری اداروں کو نچلی سطح تک مضبوط کرنے کی کوششیں مسلسل جاری ہیں۔

جموں کشمیر میں اس وقت تقریبا4ہزار291پنچایت حلقے ، 285بلاک اور 20ضلع ترقیاتی کونسل موجود ہیں۔

من کی بات

وزیر اعظم نریندر مودی من کی بات کے اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام میں 26اپریل اتوار کے دن عوام سے اپنے خیالات کا اظہا رکریں گے۔ یہ اس پروگرام کی 133ویں قسط ہوگی ۔

من کی بات پروگرام آکاشوانی اور دور درشن کے پورے نیٹ ورک پر دن کے 11بجے بیک وقت نشر کیاجائےگا ۔ہندی نشریے کے فوراً بعد اس کا علاقائی ترجمہ بھی براڈ کاسٹ کیا جائے گا ۔

نشہ مہم

جموں کشمیر کو منشیات کی بدعت سے پاک کرنے کے لئے سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں شد و مد سے جاری ہیں۔ اس حوالے سے پیش ہے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا یہ پیغام

کشمیر وی کے بردی نے کہا ہے کہ نشے کی لعنت کا مقابلہ کرنے کےلئے پولیس کی طرف سے ہر ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ IGPدریں اثنائ آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ ایک خ□و□ی بات چیت کر تے ہوئے انہوننے کہا۔

اس دوران جموں کشمیرکے سبھی اضلاع اور علاقوں میں انتظامیہ اور پولیس کی جانب سے عوام مینمنشیات کے خلاف بیداری پیدا کرنے کے مختلف پروگرام اور سر گرمیاں زور و شور سے جاری ہیں۔

وفد

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ اُن کی سرکار جموں کشمیر کے سبھی خطوں کی متوازن اور جامع ترقی کے لئے پُر عزم ہے ۔وہ جموں میں کئی عوامی اور تجارتی وفود کے ساتھ بات چیت کے دوران خیالات کا اظہار کررہے تھے۔

جموں چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے □در ارون گپتا کی سربراہی میں ایک وفد نے ملاقات کے دوران دربار مو کی روایت کو بحال کرنے کا بھی خیر مقدم کیا ۔

بانڈی پورہ

سونا واری ایڈوکیٹ ہلال اکبر لون نے ضلع بانڈی پورہ کے اجس علاقے میں کئی اہم ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا MLA

ان پروجیکٹوں میں Baji Khul والے تعمیر ہونے جس میں تعمیر ہونے کی لاگت سے 70// لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والا ایک پل 48 لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والا ایک پل پر زائد از
تحصیل آفس کی عمارت اور اسی جگہ پر 15 لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والا دفتر نیابت بھی شامل ہے۔

ڈلو

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے سال 2025 میں سیلاب اور اسطرح کی دوسری قدرتی آفات سے نقصان زدہ پروجیکٹوں کی مستقل بحالی کے کام کو وقت رہتے مکمل کرنے کی ہدایت دی ہے۔

جموں میں متعلقہ افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران انہوننے سیلاب کے بعد بحالیاتی کاموں کی غرض سے 3 ہزار 440 کروڑ روپے کے منصوبے پر عمل آوری کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا۔

حج

جمونو کشمیر سے عازمین حج کی روانگی کا سلسلہ احسن طریقے پر جا ری ہے۔ واضح رہے کہ اس سال سرینگر کے بین الاقوامی ہوائی اڈے سے حج پروازیں براہ راست سعودی عرب کےلئے اُڑان بھر رہی ہیں۔

کل کی پرواز میں مزید 142 عازمین کرام کے ساتھ ہی 18 اپریل سے تاحال حج بیت اللہ پر جانے والے عازمین کی تعداد 2 ہزار 301 تک پہنچ گئی ہے۔

وقف بورڈ

جموں کشمیروقف بورڈ کے زیر اہتمام حضرت سید حسن منطقی صاحب ؒ کے سالانہ عرس کے سلسلے میں اونتی پورہ میں واقع ان کے آستان عالیہ پر ایام متبرکہ جاری ہیں۔

عرس کی تقریب 29 اپریل کو منعقد ہوگی ، جبکہ 30 اپریل کو وہاں روایتی میلہ بھی لگے گا ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ